SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XI مجریہ ۱۹۸۵

SINDH ACT NO.XI OF 1985

سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہوں، الاؤنسز اور مراعات) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵

THE SINDH SPEAKER'S AND DEPUTY SPEAKER'S (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) (AMENDMENT) ACT, 1985

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲. ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ 3-A کی شمولیت
Insertion of section 3-A of Sindh Act VII of 1975
۳. ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ ۵ کی ترمیم
Amendment of section 5 of Sindh Act VII of 1975
۴. ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ ٦ کی ترمیم
Amendment of section 6 of Sindh Act VII of 1975
۵. ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ ۸ کی ترمیم
Amendment of section 8 of Sindh Act VII of 1975
۶. ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم
Amendment of section 10 of Sindh Act VII of 1975

سندھ ایکٹ نمبر XI مجریہ ۱۹۸۵
SINDH ACT NO.XI OF 1985

سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہوں، الاؤنسز اور مراعات) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵

THE SINDH SPEAKER'S AND DEPUTY SPEAKER'S (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) (AMENDMENT) ACT, 1985

[8 جنوری ۱۹۸۶]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی(تنخواہوں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

جیسا کہ سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے (تنخواہوں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛ اس کو اس طرح بنا کر نافذ کیا جائے گا:

1.(1) اس ایکٹ کو سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے (تنخواہوں، الاؤنسز اور مراعات) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۵ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فوری طور لاگو ہوگا اور ۱۰ مارچ ۱۹۸۵ کے بعد اسپیکر کے طرف سے پہلی بار آفس سنبھالنے والی تاریخ سے لاگو سمجھا جائے گا۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ 3-A کی شمولیت
Insertion of section 3-A of Sindh Act VII of 1975

۲. سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے (تنخواہوں ، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں، جس کو اس کے بعد بھی وہ ہی ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳ کے بعد، مندرجہ نئی شق شامل کی جائے گی:

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ ۵ کی ترمیم
Amendment of section 5 of Sindh Act VII of 1975

"(ساز و اکئیپمنٹ الاؤنس) 3-A.اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر، اپنے ایسے پہلی بار انتخاب پر، اکئیپمنٹ الاؤنس تین ہزار روپیہ اور دو ہزار روپیہ ترتیبوار حاصل کرے گا۔

بشرطیکہ اکئمپنٹ الاؤنس حاصل نہ کر سکتا، اگر اس ہی مقصد کے لئے اسمبلی کے مدت دوراں، جس میں وہ اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر طور منتخب کیا گیا ہے، وزیراعلیٰ، وزیر، اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر طور مقرر یا منتخب ہوا ہے اور وہ ہی الاؤنس حاصل کر چکا ہے۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ ٦ کی ترمیم
Amendment of section 6 of Sindh Act VII of 1975

۳. مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۵ میں، الفاظ ”تیس ہزار روپے“ اور ”دو ہزار روپے“ کے لئے لفظ”پانچ ہزار روپے“ اور”چار ہزار روپے“ متبادل ہونگے۔

۴. مندرجہ ایکٹ کی دفعہ ۶ میں:

(a) ذیلی دفعہ (1) میں:

(i) الفاظ”پندرہ ہزار روپے“ کے لئے لفظ” پچاس ہزار روپے“ متبادل ہونگے؛

(ii) الفاظ”دس ہزار روپے“ کے لئے لفظ ”پچیس ہزار روپے“ متبادل ہونگے ؛

(b) ذیلی دفعہ (۲) کے لئے اس طرح متبادل ہوگا:

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ ۸ کی ترمیم
Amendment of section 8 of Sindh Act VII of 1975

”(۲) جہاں اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کو سرکاری رہائش نہیں مہیا کی گئی یا وہ نجی رہائش اختیار کرنے کو ترجیح دے رہا ہے تو، ان کو ترتیبوار آٹھ ہزار روپے یا سات ہزار رپوے اپنے گھر کی صورت میں دیا جائے گا یا بھرا گیا حقیقی کرایہ، ترتیبوار زیادہ سے زیادہ آٹھ ہزار روپے یا سات ہزار روپے ماہوار کرایہ پر لئے گئے گھر کی صورت میں دیا جائے گا اور اسپیکر کو اضافی طور پر بیس ہزار روپےکی رقم گھر کی آسائش کے لئے فقط ایک بار دس مارچ ۱۹۸۵ کے بعد اسمبلی کی مدت دوراں پہلی بار وزیر یا اسپیکر طور منتخب ہونے یا نئی اسمبلی کی منتخب ہونے پر دی جائے گی۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم
Amendment of section 10 of Sindh Act VII of 1975

(2-A) سرکاری رہائش میں مہیا کئے گئے سامان کا معیار چیف سیکریٹری، مالیات سیکریٹری اور سیکریٹری کمیونیکیشنز اینڈ ورکس ڈپارٹمنٹ پر مشتمل کمیٹی کے فیصلے کے تحت ہوگا۔

۵. مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۸ میں، الفاظ ''پانچ سو روپے اور تین سو روپے'' کے لفظ ''تین ہزار روپے اور ایک ہزار اور پانچ سو روپے'' متبادل ہوگا۔

۶. مندرجہ ذیل ایکٹ کی دفعہ ۱۰ کی ذیلی دفعہ (1) میں، الفاظ ''ایک سو روپے اور پنجھتر روپے'' کے لئے لفظ ''ایک سو اور پچیس روپے'' متبادل ہوگا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔